# معائنہ صحت (میڈیکل چیک اپ)

ہم نے آپ کے لیے ایک صحت کے معائنے کی ملاقات نرس کے ساتھ مقرر کی ہے۔ وقت اور مقام کی تفصیلات کے لیے براہِ کرم دوسرا کاغذ ملاحظہ فرمائیں۔ یہ دعوت نامہ آپ کو اس لیے بھیجا گیا ہے کیونکہ آپ حال ہی میں سویڈن تشریف لائے ہیں۔

صحت کے معائنے کا مقصد آپ کی صحت کا تفصیلی جائزہ لینا ہے تاکہ آپ کو ممکنہ حد تک بہترین صحت فراہم کی جا سکے۔ اس معائنے میں آپ کی صحت سے متعلق گفتگو اور مختلف ٹیسٹ شامل ہوں گے، اور آپ کو روزہ رکھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ کی زبان میں مترجم کی خدمات فراہم کی گئی ہیں۔ مترجم پر مکمل طور پر رازداری کی پابندی ہوتی ہے۔

صحت کا معائنہ ایک پیشکش ہے اور اس میں شرکت کرنا مکمل طور پر رضاکارانہ ہے۔ یہ معائنہ مفت ہے اور اس میں تقریباً ایک گھنٹہ لگتا ہے۔ اگر آپ شرکت نہیں کر سکتے یا نہیں چاہتے تو براہِ کرم وقت کو دوبارہ شیڈول کریں یا اس کو منسوخ کریں۔

صحت کے معائنے کے نتائج آپ کے سویڈن میں قیام کے حق پر اثر انداز نہیں ہوں گے۔ مائیگریشن ادارے کو معائنے کے نتائج تک رسائی حاصل نہیں ہوگی۔

جو چیزیں آپ کو ملاقات کے دوران ساتھ لانی ہیں (اگر آپ کے پاس ہوں): شناختی کارڈ، ایل ایم اے کارڈ، پاسپورٹ یا رہائش کے اجازت نامے کا کارڈ۔ اگر آپ کے پاس پہلے کی ویکسی نیشنز کے دستاویزات ہوں تو براہ کرم انہیں بھی ساتھ لے کر آئیں۔

جس نرس سے آپ کی ملاقات ہونی ہے، ان کا نام، تاریخ اور وقت آپ دوسرے کاغذ پر دیکھ سکتے ہیں۔ وہاں آپ ہمارے پتے اور فون نمبر بھی ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

خوش آمدید!